RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۴۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۱ جمادی الاخری سنہ ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۹ دسمبر سنہ ۱۸۹۵ عیسوی	جلد

فہرست مضامین

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۱ نومبر سنہ ۱۸۹۵ع

دربارۂ تقرر جوالاپرشاد بسررشتہ صفائی

جوالاپرشاد تین ماہ کے واسطے عطاء اللہ خان جمعدار کی جگہ امتحاناً مقرر کیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہون تنخواہ دس روپیہ ماہوار دیجائیگی ـــ [illegible]

[illegible] اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۵ نومبر ۱۹۰۵ء

حضور پرنور دام اقبالہ بتقریب دورہ تاریخ ۱۰ دسمبر ۱۹۰۵ء کو یہان سے روانہ ہون گے فہرست مقامات معہ تاریخ وغیرہ شامل روبکار ہذا ہے

(۱) حضور معلے جن مقامات کہ کوٹھی ہین وہان کوٹھیون مین اور دیگر مقامات پر خیمہ مین قیام پذیر ہون گے کیمپ نقشہ منسلکہ کی قطع پر قائم ہوگا

(۲) خیام کے نصب کرنے مین امور ذیل پر لحاظ ضرور ہے

(الف) جائے صاف بلند آبادی سے علیحدہ اور پر فضا منتخب کی جائے

(ب) جہانتک ممکن ہو اس غرض کے لیے باغ تجویز کیا جائے ورنہ میدان کسی حالت مین مزروعہ کھیتون مین جہان فصل استادہ ہو لشکر نہ ٹھہرایا جائے۔

(ج) پانی لشکر سے قریب ہونا چاہیے۔

(۳) کل لشکر کی تعداد تخمیناً پانچ سات سو آدمیون کی ہو گی اور تعداد بیل گاڑی تخمیناً ۱۰۰ سو اور پچاس شتر اور تخمیناً پچاس ۵۰ گھوڑے و پچیس ۲۵ ہاتھی ہون گے۔

(۴) سامان رسد کافی جملہ قیامگاہ پر تحصیلداران صاحبان پیشتر سے جمع کر لیں اور لحاظ کرلیں کہ جملہ سامان ضروری ہر جگہ مہیا ہو اور قیمت بشرح بازار لشکر نویسی سے مالکان کو دلائی جائے۔

(۵) لشکر مین صفائی اور آراستگی بھی تحصیلداران صاحبان حسب ضرورت کرینگے۔

(۶) ہر محال کا تحصیلدار اپنی تحصیل کے حدود کے اندر برابر ہمراہ لشکر ہوگا اور جہان سے اونکے علاقہ کی حد شروع ہوتی ہے وہان سے معہ قانونگوی پرگنہ و پٹواری وہ ہمراہ ہون گے۔

(۷) نگرانی کیمپ حفاظت و انتظام پولیس بذریعہ ایک انسپکٹر پولیس انچارج کیمپ برابر ہمراہ لشکر رہے گا اور ہر تھانہ کا مہتمم اپنے تھانہ کے حدود مین واسطے سرانجام دہی خدمات بالامعہ کافی کانسٹبلان و چوکیداران حاضر رہے گا۔

(۸) ہر مہتمم اپنے علاقہ کی حد پر وردی مین حاضر ہوگا اور ہر تھانہ کا ملازم جس حال مین کہ تھانہ کی جگہ لشکر مقیم ہو کار متعلقہ کے وقت وردی پہنے رہے گا۔ وردی پولس۔ مکان تھانہ۔ او دفتر۔ مالخانہ۔ حوالات۔ وغیرہ صاف و آراستہ ہونا چاہیے۔

(۹) ہر علاقہ کا رجسٹرار واسطے جانچ و ملاحظہ کرانے کام کے صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کے پاس حاضر ہوگا۔

(۱۰) شفاخانہ انگریزی و یونانی بغرض ملاحظہ حضور معلے دام اقبالہ صاف اور مرتب رکھنا چاہیے۔

(۱۱) سڑکہائے تحصیل و پل و گھاٹ جدہر سے لشکر گذریگا صاحب چیف انجینیر بہادر اول سے درست و مرتب کرا دینگے سب اور سیر علاقہ اور افسر آبپاشی یعنی علاقہ دار جہان نہر کے قریب لشکر گذرے حاضر لشکر ہون۔

(۱۲) کوٹھیات شاہ آباد - بیرا - بی نظیر - ونیز دیگر ڈاک بنگلہ جات کی ضروری مرمت و صفائی صاحب چیف انجینیر بہادر پہلے سے کرا دین۔

(۱۳) سپرنٹنڈنٹ باغات جن مقامات پر کہ باغ سرکاری ہین حاضر رہین اور اول سے درستی و صفائی چمن وغیرہ مناسب طور پر کروا دو

(۱۴) اگر جائے قیام پر مدرسہ سرکاری ہو تو وہان کا مدرس کیمپ مین صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کے پاس حاضر ہوگا اور مدرسہ کی درستی بغرض ملاحظہ سرکار فیض آثار اول سے کافی طور پر کی جائے۔

(۱۵) گرد آور حفظان صحت ہمراہ لشکر سرکار بدستور قرار رہے گا اور مقامات صفائی وغیرہ ملاحظہ کرائے گا۔

(۱۶) ایام قیام حضور پرنور میں کسی ملازم تحصیل یا تھانہ خواہ پٹواری دیہہ کو اپنی جائے معینہ سے غیر حاضر نہونا چاہیے اور نہ بروقت دورہ ہونے کے رخصت دیجائے گی۔

(۱۷) خیام کیمپ سرکار کے دو حصہ ہوں گے ایک حصہ جائے قیام پر قائم رہے گا اور دوسرا حصہ اگلے پڑاو پر پہونچکر نصب ہوگا اور ختم دورہ تک یہی سلسلہ قائم رہے گا۔

(۱۸) ڈاک بذریعہ تحصیلی معرفت شتر سواران کے زیر انتظام لفٹیننٹ صدر روزانہ آیا اور جایا کرے گی تعین اوقات کا لفٹیننٹ صدر بدریافت پوسٹ ماسٹر صاحب کر لیں گے

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس روبکار کی معہ نقل فہرست و نقشہ اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر و صاحب جوڈیشل ممبر بہادر صاحب سکرٹری بہادر کونسل میں بغرض مرسل ہو کہ اپنے اپنے ان سے احکام متعلق بنام ماتحتان اجرا فرمادیں ایک ایک نقل معہ پروگرام و نقشہ تحصیلداران صاحبان و مہتمم تحصیل ہائے مذکورہ کے پاس مرسل ہو نقل دفعہ ۷ و ۸ خدمت میں صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس او تھانہ جات میں و نقل دفعہ ۹ و ۱۰ اسسٹنٹ سول سرجن صاحب بہادر کی خدمت میں و نقل دفعہ ۱۴ مہتمم شفاخانہ [illegible] کے پاس و نقل دفعہ ۱۱ و ۱۲ اجلاس صاحب چیف انجینیر بہادر میں و نقل دفعہ ۱۳ مسٹر [illegible] صاحب بہادر کی خدمت میں نقل دفعہ ۱۵ گرد آور حفظان صحت کے پاس اور دفعہ ۱۸ لفٹیننٹ صدر کے پاس برائے تعمیل و اجرائی کارروائی

مرسل ہوا اور درج گزٹ ہو

پروگرام دورہ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

تاریخ	یوم	مقام	کیفیت
۱۰ دسمبر سنہ ۱۸۹۶ع	سہ شنبہ	شاہ آباد	حاضری بمقام [illegible] ہوگی
۱۱ / ایضاً	چہارشنبہ	قیام	
۱۲ / ایضاً	پنجشنبہ	//	
۱۳ / ایضاً	جمعہ	//	
۱۴ / ایضاً	شنبہ	//	
۱۵ / ایضاً	یکشنبہ	//	
۱۶ / ایضاً	دوشنبہ	//	
۱۷ / دسمبر سنہ ۹۶ء	سہ شنبہ	روانگی جانب [illegible]	
۱۸ / ایضاً	چہارشنبہ	قیام ملک	
۱۹ / ایضاً	پنجشنبہ	//	
۲۰ / ایضاً	جمعہ	//	
۲۱ / ایضاً	شنبہ	//	
۲۲ / ایضاً	یکشنبہ	روانگی جانب [illegible]	
۲۳ / ایضاً	دوشنبہ	قیام	
۲۴ / ایضاً	سہ شنبہ	//	
۲۵ / ایضاً	چہارشنبہ	//	
۲۶ / ایضاً	پنجشنبہ	//	
۲۷ / ایضاً	جمعہ	روانگی جانب [illegible]	
۲۸ / ایضاً	شنبہ	قیام	
۲۹ / ایضاً	یکشنبہ	//	
۳۰ / ایضاً	دوشنبہ	//	

تاریخ	یوم	مقام	کیفیت
۳۱ دسمبر ۱۸۹۵ء	سہ شنبہ	قیام	
یکم جنوری ۱۸۹۶ء	چہارشنبہ	روانگی جانب [illegible]	
۲ ر ایضاً	پنجشنبہ	قیام	
۳ ر ایضاً	جمعہ	״	
۴ ر ایضاً	شنبہ	״	
۵ ر ایضاً	یکشنبہ	״	
۶ ر ایضاً	دوشنبہ	״	
۷ ر ایضاً	سہ شنبہ	״	
۸ ر ایضاً	چہارشنبہ	روانگی جانب سوار	
۹ ر ایضاً	پنجشنبہ	قیام	
۱۰ ر ایضاً	جمعہ	״	
۱۱ ر ایضاً	شنبہ	״	
۱۲ ر ایضاً	یکشنبہ	״	
۱۳ ر ایضاً	دوشنبہ	روانگی جانب [illegible]	
۱۴ ر ایضاً	سہ شنبہ	قیام	
۱۵ ر ایضاً	چہارشنبہ	״	
۱۶ ر ایضاً	پنجشنبہ	روانگی جانب [illegible]	
۱۷ ر ایضاً	جمعہ	قیام	
[illegible] ر ایضاً	شنبہ	روانگی جانب [illegible]	
۱۹ ر ایضاً	یکشنبہ	قیام	
۲۰ ر ایضاً	دوشنبہ	״	
۲۱ ر ایضاً	سہ شنبہ	״	
۲۲ ر ایضاً	چہارشنبہ	״	
۲۳ ر ایضاً	پنجشنبہ	مراجعت جانب [illegible]	

حاکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — ورقہ [illegible] نمبر [illegible]

سرکلر ملاحظہ ہو کر [illegible] گیا —

ایک نقل سرکلر کی مطبع کو بنا بر اندراج گزٹ بھیجی جاوے [illegible] نمبر [illegible]

لکھا جاوے کہ [illegible] قطعہ علیحدہ مطبع کرا کر بغرض تقسیم بعد انتہائے

فوجداری اجلاس میں بھیجدیں —

سرکلر مجریہ جناب [illegible] صاحب جوڈیشل ممبر بہادر بنام جملہ حکام عدالت ہای فوجداری

ریاست کی عدالتہائے فوجداری میں جو ملزمان سے ضمانت حاضری لیجاتی ہی اگر اوسمین استغراق جائداد غیر منقولہ کا ہوا تو صرف تصدیق ملکیت یا قیمت کر لیجاتی ہی جائداد مکفولہ کی استغراق و کفالت سابق کی نسبت کچھ تحقیق نہیں کیا جاتا جبتک جائداد مذکور کی نسبت پہلی مواخذہ ہونے نہونے کا حال متحقق نہو اوس وقت تک ضمانت معتمد نہین سمجھی جا سکتی لہذا ہدایت کی جاتی ہے کہ آئندہ جب کسی ملزم کی ضمانت حاضری با استغراق جائداد غیر منقولہ داخل ہو تو حاکم عدالت کو اوسکی تصدیق ملکیت اور قیمت کے ساتھ سابق کے بار کفالت کا بھی تحقیق کر لینا ضروری ہی کہ پہلے سے تو جائداد مکفولہ کہیں مستغرق نہیں ہے اگر استغراق سابق ثابت ہو تو ضمانت مذکور کے اعتبار پر ملزم رہا کیا جاوے ورنہ دوسری ضمانت جسکی جائداد پر کسی قسم کا بار کفالت نہو مکفول کرانا چاہیے تفصیل امور کی تحقیق کی تحصیلدار صاحبان کی معرفت بخوبی ہو سکتی ہی کیونکہ صیغہ رجسٹری بھی اونکے متعلق ہے اور صیغہ سے کفالت وغیرہ کفالت کا حال بخوبی تحقیق ہونا ممکن ہے — ۲۴ نومبر ۱۸۹۵ء

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲ر لغایت ۸ر دسمبر ۱۸۹۵ع

نام تھانہ	تفصیل پیدائش							تفصیل موت										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		۱ سال تک		۱ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	دیگر امراض	بخار	میزان	
شہر رامپور	۱۵	۸	۱۵	۲	۴۰	۳۰	۱۰	۱۳	۴	۱	/	۱۲	۱۴	۲۶	۱۶	۲۹	۱۳	۰	۰	۱۱	۳۱	۴۲	۰
حوالی شہر	۲	۱	۵	۲	۱۰	۷	۳	۲	۱	۰	۰	۷	۶	۹	۷	۷	۹	۰	۰	۱۴	۲	۱۶	۰
عظیم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۰	۱	۱	۳	۵	۱	۴	۶	۲	۰	۰	۲	۱	۸	۳	۳	۸	۰	۰	۱۱	۰	۱۱	۰
سیفنی	۰	۱	۰	۱	۲	۰	۲	۱	۱	۰	۰	۲	۰	۳	۱	۲	۲	۰	۰	۱	۳	۴	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
ملک خانم	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۱	۰	۰	۱	۰	۲	۱	۱	۲	۰	۰	۳	۰	۳	۰
ٹانڈہ	۷	۵	۳	۵	۲۰	۱۰	۱۰	۶	۲	۰	۰	۱۳	۹	۱۹	۱۱	۱۹	۱۱	۴	۰	۰	۲۶	۳۰	۰
میزان	۲۴	۱۲	۲۲	۱۳	۷۷	۴۸	۲۹	۲۹	۱۱	۱	۰	۳۷	۲۸	۶۷	۳۹	۶۱	۴۵	۴	۰	۴۰	۶۲	۱۰۶	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲ر لغایت ۸ر دسمبر ۱۸۹۵ عیسوی

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۱ار	۱۰۱۰ار	۱۰ار	۱۰ار	۱۰ار	۱۱ار	
نخود خالص	۱۴ار	۱۲ار	۱۳ار	۱۴ار	۱۵ار	۱۴ار	
نخود گندم آمیز	۱۶ار	۰	۰	۱۵ار	۱۸ار	۱۶ار	
جو	۱۵ار	۰	۰	۱۶ار	۰	۰	
باجرہ	۱۰۱۲ار	۱۳ار	۱۲ار	۱۲ار	۱۱ار	۱۲ار	
موٹھ	۱۳ار	۱۵ار	۱۰۱۲ار	۰	۱۲ار	۱۲ار	
مکا	۸ار	۷۱۰ار	۱۰۱۷ار	۱۷ار	۱۰۱۷ار	۱۸ار	
جنی	۱۷ار	۰	۰	۰	۱۵ار	۱۴ار	
گوجنی	۱۵ار	۰	۰	۰	۱۵ار	۱۶ار	
عدس	۱۷ار	۰	۰	۲۰ار	۱۰۱۷ار	۱۴ار	
ارہر	۱۲ار	۰	۰	۲۰ار	۱۵ار	۰	
برنج	۱۰ار	۱۰ار	۱۰۱۲ار	۱۰۱۰ار	۱۱ار	۰	
روغن زرد	۱ار	۱ار	۱۰۱ار	۱ار	۱۸ار	۱ار	
روغن سیاہ	۱۰۲ار	۱۰۲ار	[illegible]	۱۰۲ار	۱۰۲ار	۱۰۲ار	
روغن کنجد	۰	۱۰۲ار	[illegible]	۰	۰	۰	
نمک سانبر	۰	۸ار	۰	۸ار	۱۰۸ار	۱۰۸ار	
نمک لاہوری	۰	۶ار	۵ار	۷ار	۰	۷ار	
قند سیاہ	۰۰۱۰	۱۰ار	۱۰ار	۸ار	۱۹ار	۹ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور